تعلقات عامہ دفتر

جامعہ ملیہ اسلامیہ، نئی دہلی

February 21, 2025

پریس ریلیز

جامعہ ملیہ اسلامیہ نے جامعہ اسکولوں میں داخلہ کے لیے درخواست فارم بھرنے کی آخری تاریخ میں توسیع کی
نئی آخری تاریخ پچیس فروری دو ہزار پچیس ہوئی

جامعہ ملیہ اسلامیہ نے جامعہ سینئر سیکنڈری اسکول، جامعہ گرلس سینئر سیکنڈری اسکول (سیلف فینانس) سید عابد حسین سینئر سیکنڈری اسکول (سیلف فینانس) اور مشیر فاطمہ نرسری اسکول میں تعلیمی سال دو ہزار پچیس چھبیس میں داخلہ کے لیے آن لائن فارم جمع کرنے کی آخری تاریخ میں توسیع کی ہے۔ تاریخ میں یہ توسیع نرسری، پریپ، پہلی، چھٹی اور نویں جماعتوں کے لیے اور اب ان کی آخری تاریخ پچیس فروری دو ہزار پچیس کردی گئی ہے۔

تعلیمی سال دو ہزار پچیس اور چھبیس کی سب سے خاص بات یہ ہے کہ پہلی مرتبہ چھٹی اور نویں جماعتوں میں داخلے کے لیے ٹسٹ دہلی کے ساتھ ساتھ کولکتہ، سری نگر، پٹنہ اور لکھنؤ میں بھی ہوں گے۔

ان اسکولوں میں داخلے کے لیے آن لائن درخواست فارم جامعہ ویب سائٹ

(https://admission.jmi.ac.in)

سے بھرے جاسکتے ہیں۔ قرعہ اندازی اور داخلہ ٹسٹ سے متعلق مزید تفصیلات اور معلومات کے لیے براہ کرم یونیورسٹی کی ویب سائٹ www.jmi.ac.in اور

www.jmicoe.in

پر جائیں۔

تعلقات عامہ دفتر

جامعہ ملیہ اسلامیہ نئی دہلی